219717-کیک اورچاکلیٹ پراسم گرامی "اللہ "لکھنے کا حکم

سوال

انسٹاگرام پرمیں نے ایک پیج دیکھاجہاں پر پھول اورچاکلیٹ وغیرہ پر"ماشاء اللہ"اور"الحمدللہ"لکھی جاتی تھی، میں نے اسے دیکھ کراپنا منفی تبصرہ پورے احترام کے ساتھ پیش کیاکہ یہ تو اسم جلالہ کی بے حرمتی ہے؛کیونکہ اسے کاٹ کرکھایاجائے گا، تواس پراس پیج کی مالکن کی جانب سے مجھے جواب ملاکہ آپ مجھے اس بارے میں فتوی لادیں، میں خودفتوی نہ لگاؤں۔

تواب میں آپ سے اس بارے میں پوچھ رہی ہوں تاکہ آپ اس کے متعلق حتمی رائے دیں،مجھے توایسالگتاہے کہ کوئی بھی عقل مند مسلمان اس چیزکوقبول نہیں کرے گا۔

پسندیدہ جواب

میں نے یہ سوال اپنے شیخ محترم عبدالرحمن البراک حفظہ اللہ کے سامنے رکھاتوانہوں نے کہا:
"کھانے پراسم جلالہ لکھنابے حرمتی ہے؛کیونکہ یہ اسراف اورتفریح کے لیے لکھاجائے گااوریہ اللہ تعالی کے اسم گرامی کااحترام نہیں ہے۔ پھراسی طرح لفظ جلالہ کوکاٹ کرکھانابھی بے حرمتی میں آتاہے۔"

واللہ اعلم